نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطح اجلاس کا انعقاد۔

اجلاس میں گندم اور چاول کی ہارویسٹنگ مشینری کے استعمال کیلئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا

پرانے ہارویسٹرز کے استعمال سے گندم اور چاول کی ہارویسٹنگ کے دوران 10 سے 15 فیصد نقصان ہو رہا ہے، افتخار علی سہو

پہلے مرحلہ میں ایک ہزار گندم اور ایک ہزار چاول کی برانڈ نیو ہارویسٹر درآمد کئے جائیں گے، افتخار علی سہو

لاہور: 26 جون 2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطح اجلاس کا انعقاد۔ اجلاس میں گندم اور چاول کی ہارویسٹنگ مشینری کے استعمال کیلئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں زرعی ترقی کے لیے عصر حاضر کے تقاضوں کے مطابق جدید ٹیکنالوجی متعارف کروائی جا رہی ہے۔ فارم میکائزیشن سے ہی زرعی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ممکن ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پرانے ہارویسٹرز کے استعمال سے گندم اور چاول کی ہارویسٹنگ کے دوران 10 سے 15 فیصد نقصان ہو رہا ہے۔ ہارویسٹنگ کے جدید طریقے اپنا کر پیداوار کے نقصانات میں کمی لائی جا سکتی ہے۔ صوبہ میں نئے ہارویسٹر متعارف کروانے کے لیے سروس پرووائیڈرز کو آگے آنا ہوگا۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ نئے ہارویسٹرز کی درآمد کے لیے محکمہ زراعت حکومت پنجاب سروس پرووائیڈرز کو ہر ممکن تعاون پیش کرے گا۔ پہلے مرحلہ میں ایک ہزار گندم اور ایک ہزار چاول کی برانڈ نیو ہارویسٹر درآمد کے لیے حکمت عملی کو حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ نئے ہارویسٹرز کے استعمال سے پرانے ہارویسٹر کا استعمال خود بخود کم اور بعد ازاں ختم ہو جائے گا۔ نئے ہارویسٹرز کی مرمت اور ان کو چلانے پر کم خرچہ آئے گا اور ان کی کارکردگی بہتر ہوگی اجلاس میں کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر نے شرکت کی۔

0-0-0-0-0